ت زندگی کی شدید قلت، امن و امان کی صورتحال کی بحالی سمیت متعدد امور زیر بحث آئے۔ نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے زہری میں امن و امان کی بحالی اور سیکورٹی کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا اور سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اتفاق کیا کہ زہری کے عوام کو درپیش مشکلات کے فوری حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے چند روز میں ٹھوس اور بہتر اقدامات کیے جائیں گے۔ ملاقات میں ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری اور چیئرمین ٹاؤن کمیٹی زہری میر فیصل رحیم زہری بھی موجود تھے۔

# سرکاری ملازمتوں میں معذور افراد کا کوٹہ دگنا کیا جائیگا، حاجی ولی محمد نورزئی

خصوصی افراد معاشرے کا قابل فخر اثاثہ اور ان کی جدوجہد مشعل راہ ہے جنہوں نے ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے

**"کمک پروگرام" کا اجراء سنگ میل ثابت ہوگا، جس سے خصوصی افراد کیلئے روزگار، اسکالرشپ اور دیگر سہولیات میں توسیع کی گئی ہے**

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ کمک پروگرام کے افتتاح سے خصوصی افراد کے بڑے مسائل حل ہونگے معذور افراد ہمارے معاشرے کا حصہ ہے ان کی فلاح و بہبود کے لیے جامع پالیسی کی تیاری کی ہے انہوں نے خصوصی افراد کے لیے کوٹہ دوگنا کرنے کا بھی اعلان کیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم معذور کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر ولی محمد نورزئی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی خصوصی افراد کے مسائل سے آگاہ ہے اور ان کے مسائل حل کرنے کے لئے سنجیدہ بھی ہے۔ وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر آنے والے دنوں بہت سارے منصوبے لیکر آرہے ہیں انہوں نے کہا خصوصی افراد صوبے کا قابل فخر اثاثہ اور ان کی جدوجہد مشعل راہ ہے جنہوں نے ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے ولی محمد نورزئی نے کہا کہ معذور افراد کا سرکاری ملازمتوں کا کوٹہ 5 فیصد سے بڑھا کر 10 فیصد کیا جارہا ہے کمک پروگرام" کے اجراء سے خصوصی افراد کے دیرینہ مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوگی، جس کے تحت خصوصی افراد کے لیے روزگار، اسکالرشپ اور دیگر سہولیات میں توسیع کی گئی ہے، اور حکومت صحت، تعلیم اور فنی تربیت کے شعبوں میں عملی اقدامات اٹھا رہی ہے عالمی یوم معذوران کے موقع پر اس پروگرام میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت اللہ قریش، سرکاری حکام، نجی تنظیموں کے نمائندوں، سول سوسائٹی اور خصوصی افراد کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت اللہ قریش نے کہا کہ خصوصی افراد کی کفالت حکومت کی اولین ترجیح ہے صوبے میں معذور افراد کی تعداد 3 لاکھ تک پہنچ گئی ہے تاہم محدود وسائل میں بھرپور انداز میں کام کر رہے ہیں حکومت بلوچستان پروگرام آج سے شروع کرنے جاری ہے کمک پرگرام کے تحت خصوصی افراد کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے پانچ لاکھ روپے بلاسود قرض دیا جائے شادی کے لئے دو لاکھ روپے دیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ خصوصی افراد کو ماہانہ چھ ہزار سے آٹھ ہزار روپے تک ماہانہ بھی دیا جائے گا، لورالائی، پشین، اور نصیرآباد میں تعلیمی کمپلیکس قائم کئے جائیں گے تمام سرکاری عمارتوں میں معذور افراد کے لئے آسان رسائی کے لئے ریمپ لازمی تعمیر کیا جائے گا بلوچستان میں معذور افراد کے لئے اولمپکس کھیلوں کا انعقاد کیا جائے گا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 04 DEC 2025 Page No. 16

## ویڈیو میں نظر آنیوالی تمام گاڑیاں میری سیکورٹی کا حصہ ہیں، علی حسن زہری

### چند شر پسند عناصر غلط بیانی کے ذریعے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و ترجمان صدر آصف علی زرداری صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے اپنے حالیہ دورہ گنداخہ سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے پروپیگنڈہ اور بے بنیاد دعوؤں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان کی گنداخہ آمد پر عوام کا پرتپاک استقبال اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ لوگ باشعور ہیں اور حقیقت سے واقفیت رکھتے ہیں اور سازشی لوگوں کی منفی باتوں سے متاثر نہیں ہوتے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ ویڈیو میں نظر آنے والی تمام گاڑیاں ان کی ذاتی سیکورٹی کا حصہ ہیں اور وہ اپنے معمول کے دوروں میں ہمیشہ اپنی ہی سیکورٹی استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ضرورت پڑے تو وہ مزید ذاتی گاڑیاں بھی ساتھ لے جائیں گے۔ چند شر پسند عناصر غلط بیانی اور جھوٹے بیانیوں کے ذریعے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں مگر ان کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ نہ تو سرکاری گاڑیاں استعمال کرتے ہیں اور نہ ہی کسی قسم کا پروٹوکول لیتے ہیں۔ پولیس کی موبائل صرف جرمن وفد کی سیکورٹی کے لیے موجود تھی ضرورت پڑنے پر وہ پولیس کی گاڑیاں طلب کر لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان پر اللہ کی خصوصی مہربانی ہے کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری ان کا بھرپور خیال رکھتے ہیں اور انہیں اپنی پرسنل ایس ایس یو سیکورٹی بھی فراہم کرتے ہیں۔

## این ایف سی میں اپنا کیس پیش کرنے کیلئے تیاری مکمل کر لی، شعیب نوشیروانی

### بلوچستان کے وسائل کا بیشتر حصہ دہشت گردی کے خلاف جنگ پر خرچ ہو رہا ہے، محفوظ علی خان

کوئٹہ (این این آئی) گیارہویں قومی مالیاتی کمیشن کے حوالے سے ابتدائی اجلاس آج ہوگا، بلوچستان حکومت نے نئے این ایف سی ایوارڈ میں اپنا کیس پیش کرنے کیلئے تیاری مکمل کر لی، آج ہونے والے اجلاس میں بلوچستان حکومت اپنی مالی پوزیشن سے کمیشن کو آگاہ کرے گی۔ صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے بتایا کہ آج ہونے والے گیارہویں این ایف سی کا اجلاس ابتدائی اجلاس ہے جس میں بلوچستان اپنی مالی پوزیشن سے کمیشن کو آگاہ کرے گا جبکہ آئندہ اجلاس کیلئے ورکنگ گروپ بنایا جائے گا۔ این ایف سی کیلئے بلوچستان سے غیر سرکاری ممبر محفوظ علی خان نے بتایا کہ بلوچستان میں آبادی میں اضافہ، غربت، دہشت گردی کے خلاف جنگ سمیت مختلف ایشوز کے حوالے سے این ایف سی میں بلوچستان کا کیس لڑا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان دہشت گردی کے خلاف جو جنگ لڑ رہا ہے، اس میں بلوچستان کے وسائل کا بیشتر حصہ خرچ ہو رہا ہے جبکہ صوبے کا سماجی ترقی کا شعبہ بری طرح متاثر ہوا ہے بے امنی کے باعث صوبے کی تجارت بھی متاثر ہوتی ہے ایک سوال

## ہرنائی میں بجلی بحران کے مستقل کا خاتمے کیلئے کوشش کرینگے، نور محمد دمڑ

### گرڈ اسٹیشن میں نئے فیڈرز اور دیگر آلات کی تنصیب کے لئے کیسکو چیف سے ملاقات کرونگا

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے ضلع ہرنائی میں بجلی بحران کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ بجلی کی ٹرپنگ آنکھ مچولی اور نمبر داری سسٹم کو کسی صورت برداشت نہیں کرینگے، صوبائی وزیر کے ڈسٹرکٹ فوکل پرسن حاجی باز محمد دمڑ کے رابطہ کرنے پر کیسکو آپریشن نے نئے فیڈرز اور دیگر آلات کی رپورٹ تیار کر کے جمع کر دی ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ گرڈ اسٹیشن میں نئے فیڈرز اور دیگر آلات کی تنصیب کے لئے کیسکو چیف سے ملاقات کرینگے اس کے علاوہ گرڈ اسٹیشن کو مزید جدید سے آراستہ کرنے کے لئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خصوصی گرانٹ کی منظوری کے لئے بھی کوشش کرونگا تاکہ ضلع ہرنائی کو بجلی کے حوالے سے درپیش مسئلے کو مستقل بنیادوں حل ہو سکے۔

INTEKHAB QUETTA

## پیپلز پارٹی کے بلدیاتی امیدوار کامیاب ہو کر بلا تفریق خدمت کرینگے، لیاقت لہڑی

### تمام علاقوں میں یکساں ترقیاتی منصوبے اور شہریوں کو سہولیات پہنچائیں گے، ٹکٹ تقسیم کرنے کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی کے پارلیمانی سیکریٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے بلدیاتی انتخابات کے امیدواروں کو ٹکٹ دینے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی کے امیدوار عوام کی خدمت کے جذبے کے تحت کام کریں گے اور پارٹی کے منشور کے مطابق تمام ترقیاتی منصوبے اور سہولیات ہر شہری تک بلا امتیاز پہنچیں اس سے قبل صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ کی زیر صدارت زرغون ٹاؤن کمیٹی کا اجلاس ہوا شرکا سے لالا روزی خان کاکڑ حاجی نصیب اللہ اچکزئی کوئٹہ ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات احسان اللہ افغان میناری وگمگ کے اکرم کیل اور دیگر نے بھی خطاب کیا اس موقع پر ڈاکٹر عبید کاکڑ وارث محمود اچکزئی ملک ذیشان حسن انجینئر احسان خلجی الطاف گجر ملک نوید خرسانی ملک عبید کاکڑ غلام محی الدین رند ربانی خان خلجی اور دیگر قائدین بھی موجود تھے آخر میں پی بی 43,42,41 کی مختلف یونین کونسلو کے وارڈز کے امیدواروں میں پارٹی ٹکٹ تقسیم کیے گئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 04 DEC 2025 Page No. 17

## پوست کی کاشت روکنے کیلئے جامع اقدامات کی ضرورت ہے، چیف سیکرٹری

**ضلعی انتظامیہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور انسداد منشیات فورس کو مزید سخت اقدامات اٹھانے ہونگے، اجلاس**

کوئٹہ (ج ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ پوست کی کاشت ایک سنگین جرم ہے جو پاکستان کے لیے بین الاقوامی سطح پر رکاوٹ پیدا کرسکتا ہے اس کی روک تھام کے لیے مزید جامع اقدامات کی ضرورت ہے۔ حکومت صوبے میں پوست کی کاشت کو تلف کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔ صوبائی حکومت نے 3700 ایکڑ سے زائد رقبے پر پوست کی فصلیں تلف کیں جو گزشتہ سال سے کہیں زیادہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے میں پوست کی کاشت کی روک تھام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اس لعنت کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے ضلعی انتظامیہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، اور انسداد منشیات فورس کو مزید سخت اور مربوط اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ پوست کی کاشت کی روک تھام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان کوآرڈینیشن نہایت ضروری ہے، تاکہ مؤثر کارروائیاں کی جاسکیں اور کاشت کی روک تھام کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی انتظامیہ، سیکیورٹی ادارے، اور سماجی تنظیمیں بھی تعاون کرے تاکہ اس مسئلے کو جڑ سے ختم کیا جاسکے۔ ضلعی کوآرڈینیشن کمیٹیاں بھی ماہانہ بنیادوں پر اجلاس منعقد کرے تاکہ انسداد پوست کی مختلف محکموں کے اقدامات کا باہمی جائزہ اور بہتر توازن ممکن بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے صوبے میں پوست کے بیج کی نقل وحمل، خرید وفروخت پر مکمل پابندی عائد کردی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جن اضلاع میں پوست کی کاشت ہورہی ہے ان علاقوں میں پوست کی فصل کی نشاندہی کرکے انکو فوری تلف کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوام پوست کی فصل کاشت کرنے سے اجتناب کریں جن زمینوں پر پوست کاشت کی گئی ہے انکے مالکان کے خلاف بھی بہت جلد کارروائی کا آغاز کیا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اب تک 225 زمینداروں کو فورتھ شیڈول میں ڈالا گیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## پوست کی کاشت ایک سنگین جرم، بلوچستان سے خاتمہ یقینی بنارہے ہیں، چیف سیکرٹری

**بلوچستان میں امسال 3700 ایکڑ سے زائد رقبے پر کاشت پوست کی فصل تلف کی گئی جو گزشتہ سال سے کہیں زیادہ ہے**

**اس لعنت کے مکمل خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، اور انسداد منشیات فورس کو مزید سخت اقدامات اٹھانے ہوں گے**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ پوست کی کاشت ایک سنگین جرم ہے جو پاکستان کے لیے بین الاقوامی سطح پر رکاوٹ پیدا کرسکتا ہے ہیں، اس کی روک تھام کے لیے مزید جامع اقدامات کی ضرورت ہے۔ حکومت صوبے میں .........

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پوست کی کاشت کو تلف کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔ صوبائی حکومت نے 3700 ایکڑ سے زائد رقبے پر پوست کی فصلیں تلف کیں جو گزشتہ سال سے کہیں زیادہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے میں پوست کی کاشت کی روک تھام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اس لعنت کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے ضلعی انتظامیہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، اور انسداد منشیات فورس کو مزید سخت اور مربوط اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ پوست کی کاشت کی روک تھام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان کوآرڈینیشن نہایت ضروری ہے، تاکہ موثر کارروائیاں کی جاسکیں اور کاشت کی روک تھام کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی انتظامیہ، سیکیورٹی ادارے، اور سماجی تنظیمیں بھی تعاون کرے تاکہ اس مسئلے کو جڑ سے ختم کیا جاسکے۔ ضلعی کوآرڈینیشن کمیٹیاں بھی ماہانہ بنیادوں پر اجلاس منعقد کرے تاکہ انسداد پوست کی مختلف محکموں کے اقدامات کا باہمی جائزہ اور بہتر توازن ممکن بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے صوبے میں پوست کے بیج کی نقل وحمل، خرید وفروخت پر مکمل پابندی عائد کردی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جن اضلاع میں پوست کی کاشت ہورہی ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 04 DEC 2025 Page No. 19

# این ایف سی ایوارڈ بلوچستان حکومت نے اپنا کیس پیش کرنے کیلئے تیاری مکمل کرلی

## آج ہونے والے گیارویں این ایف سی کا اجلاس ابتدائی اجلاس ہے جس میں بلوچستان اپنی مالی پوزیشن سے کمیشن کو آگاہ کرے گا

## این ایف سی کیلئے بلوچستان سے غیر سرکاری ممبر محمود علی خان نے بلوچستان میں آبادی میں اضافہ، غربت، دہشت گردی کے خلاف جنگ سمیت مختلف ایشوز ہیں

کوئٹہ (این این آئی) گیارویں نیشنل فنانس کمیشن کے حوالےسے ابتدائی اجلاس آج ہوگا۔ بلوچستان حکومت نے نئے این ایف سی ایوارڈ میں اپنا کیس پیش کرنے کیلئے تیاری مکمل کرلی، آج ہونے والے اجلاس میں بلوچستان حکومت اپنی مالی پوزیشن سے کمیشن (بقیہ نمبر19 صفحہ نمبر2پر)

کو آگاہ کرے گی۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بتایا کہ آج ہونے والے گیارویں این ایف سی کا اجلاس ابتدائی اجلاس ہے جس میں بلوچستان اپنی مالی پوزیشن سے کمیشن کو آگاہ کرے گا جبکہ آئندہ اجلاس کیلئے ورکنگ گروپ بنائے جائے گی۔ این ایف سی کیلئے بلوچستان سے غیر سرکاری ممبر محمود علی خان نے بلوچستان میں آبادی میں اضافہ، غربت، دہشت گردی کے خلاف جنگ سمیت مختلف ایشوز ہیں جس کے حوالے سے این ایف سی میں بلوچستان کا کیس لڑا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان دہشت گردی کے خلاف جو جنگ لڑ رہا ہے، اس میں بلوچستان کے وسائل کا بیشتر حصہ خرچ ہو رہا ہے جبکہ صوبے کا سماجی ترقی کا شعبہ بری طرح متاثر ہوا ہے بے امنی کے باعث صوبے کی تجارت بھی متاثر ہوئی ہے ایک سوال کے جواب میں محمود علی خان نے بتایا کہ 18 ترمیم کے بعد صوبوں کا شیئر کم نہیں کیا جا سکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 04 DEC 2025 Page No. 20

# بی ایس ڈی آئی کی چھوٹی اسکیموں کو بروقت مکمل کرنا ناگزیر ہے، کمشنر نصیر آباد

## کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں، کوتاہی یا غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی صورت میں کارروائی عمل میں لائی جائے گی

### ٹف ٹائلز، اسٹریٹ لائٹس سمیت دیگر جاری منصوبوں کو معیار کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، صلاح الدین

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت لوکل گورنمنٹ کے جاری ترقیاتی اسکیموں کا اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نصیر آباد احمد نواز جتک، اسسٹنٹ ڈائریکٹر استامحمد، محمد یاسین جمالی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر جھل مگسی ذاکر حسین، اسسٹنٹ انجینئر ملک محمد عرفان کاکڑ، اسسٹنٹ انجینئر سعید احمد، اسسٹنٹ انجینئر رحمت اللہ اور اسسٹنٹ انجینئر صابر حسین سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک تھے جنہوں نے اپنے اپنے اضلاع میں لوکل گورنمنٹ کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر نصیر آباد صلاح الدین نورزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ایس ڈی پی اور بی ایس ڈی آئی اسکیموں پر خصوصی توجہ دی جائے اور شہری آبادی کو براہ راست فائدہ پہنچانے والے منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے جبکہ دیہی علاقوں میں عوامی ضروریات کے مطابق اسکیمیں متعارف کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جن منصوبوں کے بارے میں اجلاس کو آگاہی فراہم کی گئی ہے ان کے سرپرائز وزٹ یقینی بنائے جائیں گے تاکہ معیار کو باریک بینی سے پرکھا جا سکے۔ بی ایس ڈی آئی کی چھوٹی اسکیموں کو بروقت مکمل کرنا ناگزیر قرار دیتے ہوئے انہوں نے ہدایت کی کہ ٹف ٹائلز، اسٹریٹ لائٹس سمیت دیگر جاری منصوبوں کو معیار کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ کمشنر نے واضح کیا کہ جن منصوبوں میں فنڈز کی کمی کے باعث رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں ان کے متعلق حکام بالا کو تحریری طور پر آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے ترقیاتی امور میں سست روی کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے کہا کہ ورک آرڈر جاری ہونے کے بعد منصوبوں پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے، اور اس حوالے سے کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی کوتاہی کرنے یا غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی صورت میں کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

# نئے ٹورازم آفس کی تعمیر معیار کے مطابق اور بروقت مکمل کی جائے، سیکرٹری

## عمارت صوبے میں سیاحت کی ترویج، وزیٹر انفارمیشن سروسز، اور مختلف سیاحتی اقدامات کی مؤثر نگرانی کا مرکز ثابت ہوگی

### سیکرٹری ثقافت، سیاحت اور آثار قدیمہ بلوچستان نے کوئٹہ میں نئے ٹورازم آفس کی عمارت کے تعمیراتی کام کا معائنہ کیا

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ثقافت، سیاحت اور آثار قدیمہ بلوچستان حمید اللہ خان ناصر نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں نئی ٹورازم آفس کی عمارت کے تعمیراتی کام کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری نے اپنی زیر نگرانی جاری تعمیراتی ڈھانچے، استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار اور نقشے و انجینئرنگ ڈیزائن کے مطابق کام کی رفتار کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے اور منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ ٹورسٹ انفارمیشن آفیسر محمد یونس بلوچ نے سیکرٹری کو منصوبے کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں تعمیراتی رفتار، تکنیکی مراحل، سٹرکچرل کام، میٹریل اسپیسیفیکیشنز اور آئندہ شیڈول سے متعلق امور پر سیکرٹری کو آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر پراجیکٹ انجینئرز، کنسلٹنٹس، ٹھیکیدار ادارے کے نمائندگان اور ڈائریکٹر آرکیالوجی و میوزیم جمیل احمد بلوچ بھی موجود تھے۔ صوبائی سیکرٹری نے کہا کہ نئے ٹورازم آفس کی تعمیر صوبے میں سیاحت کے شعبے کی ادارہ جاتی مضبوطی، بہتر سروس ڈیلیوری اور سیاحوں کو جدید سہولتیں فراہم کرنے کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ جدید عمارت صوبے میں سیاحت کی ترویج، وزیٹر انفارمیشن سروسز، بین الصوبائی و بین الاقوامی سیاحوں کی رہنمائی اور مختلف سیاحتی اقدامات کی مؤثر نگرانی کا مرکزی مرکز ثابت ہوگی۔ دورے کے اختتام پر سیکرٹری نے منصوبے کی باقاعدہ مانیٹرنگ، کوالٹی ایشورنس اور ماہانہ پیش رفت رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت جاری کی، تاکہ تعمیراتی کام کی رفتار برقرار رہے اور منصوبہ بروقت مکمل ہو سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 04 DEC 2025 Page No. 21

# بلوچستان کے مسائل کا حل وفاقی حکومت کی اولین ترجیح ہے ، ایاز صادق

## پاکستان کی ترقی بلوچستان کی ترقی سے وابستہ ہے ، گورنر جعفر مندوخیل ، صوبائی وزیر خالد حسین مگسی اور صادق سنجرانی سے گفتگو

## وفد نے ملکی جمہوری اداروں کے مابین روابط کو فروغ دینے کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی کی کاوشوں و [illegible]

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے ملاقات کی جس میں بلوچستان کی سیاسی و انتظامی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

خالد حسین مگسی اور سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی بھی شریک تھے۔ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح کے امور زیر غور آئے۔ گورنر بلوچستان نے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر بات چیت کی۔ وفد نے صوبے میں امن و امان کے قیام کے لئے سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشوں کو سراہا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ بلوچستان دل کے قریب ہے، بلوچستان کے مسائل کا حل موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی بلوچستان کی ترقی سے جڑی ہوئی ہے۔ وفد نے ملک کے وفاقی اور صوبائی جمہوری اداروں کے مابین روابط کو فروغ دینے کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی کاوشوں کو سراہا۔ وفد نے قومی اسمبلی کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے کردار کو سراہا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے بلوچستان کے عوام کی فلاح و ترقی کو قومی ترجیح قرار دیا۔ ملاقات میں وفاق اور بلوچستان کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 04 DEC 2025 Page No. 22


# گوادر فش ہاربر کے تاجروں اور مول ہولڈرز کے مسائل حل کرینگے — مولانا ہدایت الرحمن

## ایم پی اے گوادر نے فش ہاربر کے کاروباریوں و مول ہولڈرز کے دعوت پر دوبارہ فش ہاربر گوادر کا دورہ کیا، شکایات سنیں

**مولانا نے ماہانہ وار گوادر میں ایک عوامی دیوان کا انعقاد کیا جس میں ڈرینج اور دیگر ترقیاتی کاموں سے متعلق مشاورت کی گئی**

کوئٹہ (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان۔ایم پی اے گوادر۔مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا کاروباری حضرات کی دعوت پر دوبارہ فش ہاربر گوادر کا دورہ فش ہاربر میں سہولیات کی کمی سے متعلق درخواست موصول،خدشات دور کرنے یقین دہانی۔امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے فش ہاربر گوادر کے کاروباری حضرات و مول ہولڈرز کے دعوت پر دوبارہ فش ہاربر گوادر کا دورہ کیا اور کاروباری شخصیات سے ملاقات کی۔ملاقات میں کاروباری شخصیات و مول ہولڈرز نے فش ہاربر گوادر میں ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

سہولیات کی کمی سے متعلق باقاعدہ تحریری طور پر خدشات پیش کیے جس میں کہا گیا کہ گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے ایک نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے جس میں لانچوں کی آمد کے لئے شیڈول جاری کیا گیا جبکہ خالی لانچوں کی آمد پر پابندی عائد کی جاری ہے جبکہ دوسری جانب لانچوں کی انٹری کے لئے بھی ایک طرف پورٹ کی وجہ سے نیوی منع کرتا ہے جبکہ دوسری طرف جیٹی کی ناقص حالت کی وجہ سے لانچوں کو ڈاک کرنے میں مسلسل نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔کاروباری شخصیات نے کہا کہ سب لوگوں سے مینٹیننس کے نام سے باقاعدہ ٹیکسز اور چارجز وصول کیے جاتے ہیں یہاں تک کہ باہر بیٹھے ٹب والوں سے بھی ٹیکسز وصول کیے جاتے ہیں مگر صفائی اور مینٹیننس کی صورتحال انتہائی ناقص ہے۔مول کا چھت شکستہ حالت میں ہے جبکہ انٹری گیٹ پر اونچے اسپیڈ بریکر اور جیٹی پر گڑھوں کی وجہ سے گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے۔کاروباری شخصیات نے درخواست کی کہ ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ متعلقہ حکام سے رابطہ کرکے ان مسائل کے حل کے لئے کوششیں کریں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے اس متعلق چیئرمین پورٹ اتھارٹی سے ملاقات کرکے تمام خدشات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

# پنجگور: میر پھلین بلوچ کی جانب سے سینٹر کیلئے ایمبولینس فراہم

## ایمبولینس کی فراہمی سے مریضوں کو بروقت طبی مدد ملے گی، میر پھلین بلوچ

پنجگور (یو این اے) رکن قومی اسمبلی میر پھلین بلوچ کی جانب سے آج مسلم ریہیبلٹی سینٹر پنجگور کے لیے ایک ایمبولینس فراہم کی گئی۔اس سلسلے میں ایک پروقار اور باوقار تقریب منعقد ہوئی جس میں ایمبولینس کی چابی سینٹر کے مالک چیئرمین حاجی مسلم ملک کے حوالے کی گئی۔تقریب میں نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور ایم پی اے پنجگور میر رحمت ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

صالح بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر افتخار نصیر بلوچ اسسٹنٹ کمشنر گوارگو آغا ظفر بلوچ نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر حاجی ایوب دیواری، چیئرمین میونسپل کمیٹی تب میر عبدالرحمان طلازئی چیف آفیسر عبدالرشید تحصیل صدر تاج نعیم بلوچ، جاوید چکول، وجیہ زاہد حسین، الطاف حسین، نواز بلوچ، سعید صالح، بلال رحمت، عامر سہیل یونس بلوچ، عارف دوست وقار بلوچ شفیق بلوچ، سمیت معروف سیاسی وسماجی شخصیات اور معززین علاقہ بڑی تعداد میں موجود تھے۔شرکا نے میر پھلین بلوچ کے اس عوامی فلاحی اقدام کو سراہا

# نواب زہری کی جانب سے جھالاوان نرسنگ کالج کیلئے بس فراہم

**ڈپٹی کمشنر خضدار نے بس کی چابیاں کالج پرنسپل کے حوالے کیں، طلبہ کا اظہار تشکر**

خضدار (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثنااللہ خان زہری کی جانب سے جھالاوان نرسنگ کالج کے لیے بس فراہم کر دی گئی۔ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے بس کی چابیاں پرنسپل جھالاوان نرسنگ کالج کے حوالے کیں۔دریں اثنا طالبات اور پرنسپل نے نواب ثنااللہ زہری کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دیرینہ مسئلہ حل ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ہوگیا ہے۔طلبہ کو روزانہ آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا تھا جس سے ان کی تعلیمی سرگرمیوں پر بھی اثر پڑ رہا تھا۔پرنسپل نرسنگ کالج نے ڈی سی خضدار عبدالرزاق ساسولی کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پہلی مرتبہ کسی ڈپٹی کمشنر نے ان کے مسائل کو توجہ سے سنا اور فوری حل کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

# پشین میں کامیاب کانفرنس عوام کے اعتماد کا مظہر ہے، پشتونخوانیپ

**نومنتخب ضلعی ایگزیکٹو پارٹی کی تنظیمی ونظریاتی بنیادوں کو مزید مستحکم کریں گے، بیان**

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ضلع پشین میں بیاد خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی 52 ویں برسی اور پشتون قومی تحریک کے رہنما میر اشان مندوخیل کی 34 ویں برسی کی مناسبت سے منعقد ہونے والی کامیاب ضلعی کانفرنس نے یہ ثابت بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

کر دیا ہے کہ عوام کا اعتماد آج بھی پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نظریے، جدوجہد اور قومی بیانیے کے ساتھ مضبوطی سے قائم ہے بیان میں پشین کے نومنتخب ضلعی ایگزیکٹو کے تمام عہدیداران خصوصاً ضلع ایگزیکٹو سیکریٹری محمود ریاض، سینئر معاون سیکریٹری سردار لیعل خان ترین، معاون سیکریٹریان جلیل باچا، نصیب اللہ کبیل، ڈاکٹر حیات اللہ، حاجی محمد اللہ، سید شمس آغا، انور وحدت، ملک عزیز کاکڑ، عظیم تارن اور سمیع اللہ ہارل کو مبارکباد دیتے ہوئے توقع ظاہر کی گئی کہ وہ پارٹی کی تنظیمی ونظریاتی بنیادوں کو مزید مستحکم کریں گے۔نومنتخب ایگزیکٹو سے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے حلف لیا۔بیان کے مطابق کانفرنس میں دو ہزار سے زائد مندوبین کی بھرپور شرکت اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ عوام پارٹی کے سیاسی موقف، قومی جدوجہد اور پشتون وطن کی آزادی وترقی کے بیانیے پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 4

Dated: 04 DEC 2025 Page No. 23

# کوئٹہ، جناح ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، گاڑی چور گروہ کے 3 ارکان ہلاک

**ملزمان سندھ اور پنجاب سے گاڑیاں چرا کر کوئٹہ میں فروخت کرتے، دونوں صوبوں میں 172 مقدمات میں مطلوب تھے [illegible]**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جناح ٹاؤن میں دوران چیکنگ پولیس کیساتھ فائرنگ کے تبادلے میں گاڑیاں چوری کرنے والے بین الصوبائی گروہ کے 3 کارندے ہلاک ہوگئے جبکہ گاڑی اور اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا، ملزمان سندھ اور پنجاب پولیس کو گاڑی چوری کے 172 مقدمات میں مطلوب تھے پولیس ذرائع کے مطابق ڈی آئی جی کوئٹہ کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ گاڑیاں چوری کرنے والے گروہ کے کارندے کوئٹہ شہر کے پوش علاقے جناح ٹاؤن میں موجود ہیں جس پر ڈی آئی جی نے سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ اور جناح ٹاؤن پولیس کی مشترکہ ٹیم تشکیل دیکر ملزمان کی گرفتاری کی ہدایت کی جس پر ٹیم نے منگل اور بدھ کی درمیانی شب جناح ٹاؤن میں زیر تعمیر سڑک کے قریب ناکہ بندی کرکے چیکنگ شروع کی، ایک مشکوک گاڑی کو روکنے کا اشارہ کیا تو گاڑی میں سوار تین افراد نے گاڑی کو سڑک کنارے چھوڑ کر فائرنگ کرتے ہوئے پیدل فرار ہونے کی کوشش کی تاہم جوابی فائرنگ میں تینوں مشکوک افراد مارے گئے پولیس نے لاشوں کو سول ہسپتال پہنچایا جبکہ گاڑی اور اسلحہ قبضے میں لے لیا پولیس ذرائع نے بتایا کہ ہسپتال میں ایک لاش کی شناخت ساجد حسین کے نام سے ہوئی جو نصیر آباد کا رہائشی تھا جس کا تعلق گاڑیاں چوری کرنے والے بین الصوبائی گروہ سے تھا دیگر دو مارے جانے والے اس کے ساتھی تھے جن کی شناخت کیلئے نادرا کو فنگر پرنٹ بھیج دیئے ہیں ذرائع نے بتایا کہ ریکارڈ چیک کرنے پر معلوم ہوا کہ مارے جانے والا ملزم ساجد حسین اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کراچی اور پنجاب کے مختلف علاقوں سے گاڑیاں چوری کرکے کوئٹہ لاتا اور یہاں فروخت کرتا تھا یہ گروہ سندھ اور پنجاب پولیس کو 172 مقدمات میں مطلوب تھا مزید تحقیقات سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کررہی ہے۔

## جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں، 101 گرفتار، منشیات و اسلحہ برآمد

**جرائم کے خاتمے اور عوام کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا، SSP آپریشنز**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ محمد آصف خان نے کہا ہے کہ کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 101 ملزمان کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ، مسروقہ موٹر سائیکلیں، موبائل فون، 9 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لے لیں اور 1107 افغان مہاجرین کو ڈی سی آفس کے حوالے کیا گیا انہوں نے کہا کہ کوئٹہ پولیس نے 15 روز کے دوران کارروائیاں کرتے ہوئے 12 منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے 65 کلوگرام چرس قبضے میں لے لی جبکہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 34 ملزمان کے قبضے سے 27 پسٹل 5 رائفل ایک عدد کلاشنکوف ایک عدد شاٹ گن اور عدد SMG اور 538 عدد راؤنڈ برآمد کرلئے جبکہ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے 9 کارندوں کو گرفتار کرکے چھینی گئی 9 موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنیوالے 28 ملزمان کو گرفتار کیا گیا اسٹریٹ کرائمز کے مقدمات میں 4 ملزمان کو گرفتار کرکے ایک موٹر سائیکل کراچی سے چوری شدہ 2 گاڑیاں پسٹل 20 راؤنڈ موبائلز، کپڑے، الیکٹرک کیبل برآمد کرلی اور موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں 4 ملزمان کو گرفتار کرکے 4 موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں انہوں نے کہا کہ جرائم کے خاتمے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

## کچلاک اور پشکور سے دو افراد کی لاشیں برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک اور پشکور سے دو افراد کی لاشیں برآمد کرلی گئیں، پولیس کے مطابق کچلاک پولیس کو بدھ کی شب اطلاع ملی کہ کچلاک بائی پاس کوئٹہ چمن قومی شاہراہ کے قریب میدان میں لاش پڑی ہوئی ہے پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش تحویل میں لے کر سول ہسپتال پہنچائی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش کو شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی پولیس نے بتایا کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ہلاک کیا ہے۔ دریں اثناء پشکور پولیس کو پروم کے علاقے پھل آباد کے قریب لاش ملی جسے ہسپتال پہنچائی جہاں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## بھاگ: فائرنگ سے قبائلی رہنما زخمی، ملزمان فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی بختیار آباد بھاگ روڈ مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما شدید زخمی ملزمان فرار۔ پولیس کے مطابق کچھی بھاگ پولیس تھانے کی حدود بختیار آباد بھاگ روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قبائلی رہنما محمد عرفان مغیری کو زخمی کردیا اور موقع واردات سے فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی زخمی کو مقامی ہسپتال منتقل کردیا گیا واقعے کے بارے میں مزید پولیس تحقیقات کررہی ہے۔

## ڈاکو گاڑیوں کے مسافروں سے نقدی، موبائل فون اور دیگر اشیاء چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی حاجی شہر کے قریب میں قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار متعدد گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی قیمتی موبائل فون گھڑیاں سمیت دیگر سامان چھین کر فرار واقعے کے خلاف مسافروں کا شدید احتجاج قومی شاہراہ کو بلاک کرکے ٹریفک معطل پولیس کے مطابق ضلع کچھی پولیس تھانہ حاجی شہر کی حدود میں قومی شاہراہ دوسہ چیک پوسٹ کے قریب نامعلوم درجن سے زیادہ ڈاکوؤں نے قومی شاہراہ پر چھین لگا

## کوئٹہ، سوئی گیس کی بندش کیخلاف خواتین کا کمپنی آفس کے سامنے دھرنا

**علمدار روڈ کی خواتین نے پیپے کا روز اٹھا رکھے تھے، مسئلہ حل نہ ہوا تو احتجاج کو وسعت دیں گی**

کوئٹہ (پی این اے) علمدار روڈ کی خواتین نے گیس کی غیر متوقع اور مسلسل بندش کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے سمنگلی روڈ پر گیس آفس کے سامنے دھرنا دے کر سڑک بلاک کر دی۔ مظاہرین نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ علاقے میں گیس کی فراہمی فوری بحال کی جائے تاکہ عوام کی روزمرہ زندگی متاثر نہ ہو۔ دھرنے کے دوران خواتین نے پیپے کا روز اٹھائے اور شدید نعرے بازی کی، جس کے نتیجے میں سڑک پر ٹریفک بھی متاثر ہوئی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر گیس کی بندش کا مسئلہ حل نہ ہوا تو احتجاج مزید شدت اختیار کر سکتا ہے۔

AZADI QUETTA

# کوئٹہ شہر ناپرساں کا روپ اختیار کرچکا، ہر طرف ٹینکر مافیا کا راج

**ہر روز جب پانی کا وقت ہوتا ہے تو کیسکو بجلی بند کر دیتی ہے اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے جس سے ٹینکرز مافیا کی چاندی ہو جاتی ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں**

**مری آباد سب ڈویژن جو کیسکو میں بھتہ خوروں چوروں کا سب سے بڑا مرکز بنا ہوا ہے، حکومت واسا اور ٹینکر مافیا کا نوٹس لے، عوامی حلقوں کا مطالبہ**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ شہر جو کہ ایک ناپرسان شہر کا روپ اختیار کر چکا ہے پورے شہر بالخصوص شالدرہ کاسی فیڈر 1 اور فیڈر 2 میں ٹینکرز مافیا اور واسا کی ملی بھگت میں اہم سہولت کار کیسکو کا کردار اہم ہے۔ ہر روز جب پانی کا وقت ہوتا ہے تو کیسکو دس بجے بجلی بند کر دیتے ہیں۔ اور پھر تین بجے تک بلا جواز۔ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کرتے ہیں۔ جس سے ٹینکرز مافیا کی بھرمار ہوتی ہے۔ ہر تیسرے دن رات کو 9۔ یا دس بجے بجلی چلی جاتی ہے پھر اگلے صبح 12۔ بجے تک بجلی نہیں ہوتی۔ آدھا گھنٹہ بجلی ہونے کے بعد پھر بجلی غائب۔ تین یا چار بجے آتی ہے۔ بیک وقت 12 سے 14 گھنٹے بجلی غائب ہوتی ہے۔ مری آباد سب ڈویژن جو کیسکو میں بھتہ خوروں۔ چوروں کا سب سے بڑا مرکز بنا ہوا ہے۔ واسا اور ٹینکرز مافیا سے ملکر عوام کو اذیت میں مبتلا کر رکھے ہیں۔ کیسکو کے اعلیٰ احکام کو معلومات ہونے کے باوجود مجرم کا روپ دھارے تماشائی بنے ہوئے ہیں اور عوام کا امتحان لے رہے ہیں۔ علاقہ مکین نے کیسکو کے اعلیٰ احکام صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کیسکو مری آباد سب ڈویژن کے صارف دشمن عملہ کے خلاف کارروائی کریں اور صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہم کریں اور عوام کو سخت احتجاج کرنے پر مجبور نہ کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

04 DEC 2025

6

Bullet N... Page No. 25

# کوئٹہ چمن کراچی شاہراہ کے مختلف سیکٹرز پر کام تیزی سے جاری!

N-25 کوئٹہ چمن کراچی شاہراہ بڑی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ یہ ایک طویل شاہراہ ہے۔ جو چمن سے براستہ کوئٹہ کراچی تک جاتی ہے اس شاہراہ پر ٹریفک کا بہت ہی زیادہ دباؤ ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ اہمیت کے باوجود یک رویہ شاہراہ ہے جس کی وجہ سے اس پر آئے دن حادثات ہوتے رہتے ہیں جن میں اب تک لاتعداد لوگ جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ اس طرح زخمیوں اور معذور ہونے والوں کی بھی ایک بڑی تعداد ہے۔ اس کے علاوہ ہونیوالے مالی نقصانات کا اندازہ تو لگانا مشکل ہے۔ اس وجہ سے اس کو خونی شاہراہ کا نام دیا جا رہا ہے۔ اس لیے یہاں عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ اس شاہراہ کو دو رویہ کیا جائے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس شاہراہ کو دو رویہ کرنے کے اعلانات حکومتیں کرتی رہی ہیں اور اس طرح اس کا بار بار افتتاح بھی ہوتا رہا۔ لیکن اس پر عملی اقدامات نہیں کئے گئے۔ اب وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے اس شاہراہ کا ایک بار پھر افتتاح اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونیوالی کمی کا فائدہ عوام کو دینے کی بجائے اس کو N-25 کوئٹہ چمن کراچی شاہراہ کی تعمیر پر لگانے کا اعلان کیا اور اس طرح اس پر متعدد مقامات پر کام شروع کر دیا گیا ہے جو کہ ایک احسن اقدام ہے۔

گذشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے 25 (مستونگ، کوئٹہ، چمن) سیکشن پر پاکستان ایکسپریس وے ڈیولائزیشن منصوبے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں نیشنل ہائی وے کے حکام ڈی سی کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی، ایس پی ٹریفک کوئٹہ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک تھے۔ اجلاس میں این ایچ اے کے حکام نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو منصوبے کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ میں بتایا کہ کوئٹہ چمن شاہراہ کے مختلف سیکٹر پر کام تیزی سے جاری ہے۔ اس طرح بلیلی چیک پوسٹ سے کچلاک اور چمن تک مختلف مقامات پر تعمیر و بحالی کے منصوبے فعال انداز میں جاری ہیں۔ لکپاس پر بھی سڑک کی بہتری کے لیے کام تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ بلیلی چیک پوسٹ سڑک کی تعمیر کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے اور جہاں بھی سڑک کی کھدائی کی جائے وہاں سے ملبہ فوری طور پر اٹھایا جائے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ N-25 کوئٹہ چمن کراچی شاہراہ پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے۔ کیونکہ ایسا کرنا بہت ہی ناگزیر ہے۔ اس مرتبہ اس پر شروع ہونے والے کام کو فوری طور پر مکمل کرنے کے اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ اس پر مزید جانیں ضائع نہ ہوں اور عوام پرسکون ماحول میں سفر کر سکیں۔ اس اہم شاہراہ پر ٹریفک کے قوانین پر بھی عمل درآمد کرنا چاہیے کیونکہ اکثر حادثات ڈرائیوروں کی لاپرواہی سے بھی ہوتے ہیں اس لیے ان کا سدباب کرنا چاہیے۔ حادثات میں ملوث ڈرائیوروں اور ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے مالکوں کیخلاف کارروائی کرنی چاہیے تاکہ قیمتی جانوں کا ضیاع نہ ہو۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 04 DEC 2025 Page No. 26

# پیپلز پارٹی نے ہمیشہ امن، مساوات کو اولین ترجیح دی ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پارٹی قیادت، کارکنان اور تمام سپورٹرز کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاسی تاریخ درحقیقت پاکستان کی جمہوری جدوجہد کی تاریخ ہے پاکستان میں آئین کی بالادستی، وفاقی ہم آہنگی، سیاسی استحکام اور عوامی حقوق کے لیے پیپلز پارٹی کا کردار ناقابل فراموش ہے شہید ذوالفقار علی بھٹو نے جس دور میں پارٹی کی بنیاد رکھی وہ پاکستان کی تاریخ کا نہایت نازک اور سیاسی انتشار سے بھرا مرحلہ تھا اس مشکل دور میں بھٹو شہید نے نہ صرف قوم کو متحد رکھا بلکہ پاکستان کو وہ آئینی ڈھانچہ فراہم کیا جو آج بھی وفاقی نظام کی بنیاد ہے۔ 1973 کا متفقہ آئین پاکستان کی سیاسی شناخت اور قومی یکجہتی کا ستون ہے جسے بھٹو شہید نے اپنی سیاسی بصیرت اور قومی قیادت سے ممکن بنایا اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے 58 سالہ سفر میں ایسے تاریخی فیصلے کیے جنہوں نے پاکستان کو ایک نئی سمت دی چاہے وہ زرعی اصلاحات ہوں، جوہری پروگرام کی بنیاد، آزاد خارجہ پالیسی کا آغاز، میزائل ٹیکنالوجی کی ترقی، یا غریب طبقے کی فلاح کے لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا قیام، یہ وہ اقدامات ہیں جنہوں نے پاکستان کی قومی عزت، دفاعی صلاحیت اور سماجی فلاح کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کیا انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے آمریت کے مقابلے میں جمہوریت اور عدم تشدد کی سیاست کو نئی جہت دی۔ انہوں نے صوبوں کو جوڑنے، وفاق کو مستحکم کرنے اور خواتین کے حقوق کے تحفظ میں بے مثال کردار ادا کیا اسی طرح سابق صدر آصف علی زرداری نے "پاکستان کھپے" کہہ کر مشکل ترین لمحے میں قوم کو متحد کیا اور جمہوری نظام کو پٹڑی سے اترنے نہیں دیا چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عالمی سطح پر پاکستان کی آواز کو نئے انداز اور نئی توانائی کے ساتھ مؤثر طریقے سے پیش کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کی سیاسی قیادت آئین کی بالادستی، جمہوریت کے فروغ، قومی مفادات کے تحفظ اور مساوات کے اصولوں پر مضبوطی سے کاربند ہے پاکستان کو ایک حقیقی جمہوری، مستحکم اور عوام دوست ریاست بنانے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کا یکجا رہنا وقت کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ امن، مساوات، عوامی خوشحالی اور وفاقی یکجہتی کو اولین ترجیح دی ہے عوام ہی اس جماعت کی اصل قوت ہیں جنہوں نے بھٹو اور بینظیر کے مشن کو زندہ رکھا ہے یہی تسلسل پاکستان کی جمہوری سیاست کے استحکام کی بنیاد ہے پاکستان کو ایک حقیقی جمہوری، مستحکم اور عوام دوست ریاست بنانے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کا یکجا رہنا وقت کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ امن، مساوات، عوامی خوشحالی اور وفاقی یکجہتی کو اولین ترجیح دی ہے عوام ہی اس جماعت کی اصل قوت ہیں جنہوں نے بھٹو اور بینظیر کے مشن کو زندہ رکھا ہے یہی تسلسل پاکستان کی جمہوری سیاست کے استحکام کی بنیاد ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی سیاسی تاریخ بھی قومی جدوجہد، عوامی حقوق کے تحفظ اور وفاقی شراکت داری سے جڑی ہوئی ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئندہ بھی جمہوریت، آئین اور قومی یکجہتی کے سفر میں اپنا مثبت کردار اسی عزم کے ساتھ جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل صرف اور صرف آئین، جمہوریت، عوامی خدمت اور اجتماعی قومی وژن میں ہے بلوچستان کی سیاسی تاریخ بھی قومی جدوجہد، عوامی حقوق کے تحفظ اور وفاقی شراکت داری سے جڑی ہوئی ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئندہ بھی جمہوریت، آئین اور قومی یکجہتی کے سفر میں اپنا مثبت کردار اسی عزم کے ساتھ جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل صرف اور صرف آئین، جمہوریت، عوامی خدمت اور اجتماعی قومی وژن میں ہے ملک کو ایک روشن، محفوظ اور مستحکم راستے پر لے جانے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو اسی جذبے کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated. 04 DEC 2025 Page No. 28

## بورڈ آف ریونیو اور بلوچستان میں جدیدیت کا وعدہ

**تحریر: محمد حارث خان**

2015 کا بورڈ آف ریونیو ایکٹ بلوچستان کی انتظامی تبدیلی میں ایک اہم موڑ تھا یہ ایک ایسے خطے میں جدیدیت کا وعدہ لے کر آیا جہاں زمین کے ریکارڈ جو اکثر دھندلی سیاہی سے ہاتھ سے لکھے جاتے تھے دہائیوں سے تنازعات اور ملکیت کے فیصلوں کی بنیاد رہے ہیں اس ایکٹ نے بورڈ آف ریونیو کو صوبے بھر میں زمین کے انتظام کی نگرانی، ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن، ضلع ریونیو دفاتر کی از سر نو تشکیل، اور پنجاب و سندھ کی طرز پر یکساں طریقہ کار نافذ کرنے کا اختیار دیا اس اصلاحات کا بنیادی مقصد شفافیت تھا اگر ڈیجیٹل لینڈ ریکارڈ سسٹم درست طریقے سے نافذ کیا جائے تو یہ ڈبل الاٹمنٹ کو کم کرتا ہے، ریکارڈ میں ہیر پھیر کی گنجائش گھٹاتا ہے، اور شہریوں کو انتقالات یا تصدیقات کے لیے تیز تر رسائی فراہم کرتا ہے اصولی طور پر یہ انہی مسائل کے خلاف مضبوط دفاع ہے جو برسوں سے زمین کے انتظام کو متاثر کرتے رہے ہیں کاغذوں میں ردوبدل، فائلوں کا غائب ہونا، متضاد اندراجات اور ایک ہی زمین پر متعدد دعوے ہوتے ہیں لیکن بلوچستان میں جدیدیت کو ساختی رکاوٹوں کا سامنا ہے بہت سے علاقوں کا کبھی مکمل سروے ہی نہیں ہوا، اور موجودہ ریونیو نقشے بعض اوقات ایک صدی سے بھی زیادہ پرانے ہیں مثال کے طور پر جھکو راور خاران کے کچھ حصوں میں ریونیو افسران ابھی تفصیلی حد بندی والے کڈاسٹرل نقشوں کے بجائے ضلع کے محض خاکوں پر انحصار کرتے ہیں اگر زمینی سروے نئے سرے سے نہ ہوں تو ڈیجیٹلائزیشن صرف غلط ریکارڈ کو صاف ستھرے سافٹ ویئر میں منتقل کرنے کے مترادف ہوگی جیسا کہ گوادر کی پینگ روڈ کی زمین سے متعلق تنازعات میں دیکھا گیا، جہاں متعدد بار دوبارہ سروے کے بعد ڈیجیٹل اندراجات درست کیے گئے بورڈ کو انتظامی مشکلات کا بھی سامنا ہے ہزاروں کلومیٹر پر مشتمل کم آبادی والا علاقہ، محدود عملہ، اور عوامی آگاہی کی کمی، ڈیجیٹلائزیشن محض تکنیکی عمل نہیں بلکہ اس کے لیے فیلڈ ویری فکیشن ٹیمیں، سیٹلائٹ امیجری کی تجدید، اور پرانے نقشوں کے ری سروے کے لیے سروے آف پاکستان کے ساتھ تعاون درکار ہوتا ہے۔ اس کے بغیر ڈیجیٹل جدیدیت صرف سطحی رہے گی۔ ایک اور اہم پہلو ثقافتی ہے بلوچستان میں زمین کی ملکیت اکثر اجتماعی چراگاہوں، قبائلی انتظامات اور غیر تحریری سمجھوتوں پر مبنی ہوتی ہے۔ ڈیجیٹل ڈیٹا بیس کارآمد ضرور ہے، لیکن اگر وہ صرف رسمی ٹائٹل ڈاکومنٹس کو تسلیم کرے تو وہ ان لوگوں کو خارج کرسکتا ہے جن کے حقوق کبھی لکھے نہیں گئے مگر زمینی حقیقت میں سب تسلیم کرتے ہیں۔ یہ جدیدیت نہیں بلکہ "ڈیجیٹل محرومی" ہوگی اس کے باوجود، بورڈ آف ریونیو ایکٹ ایک اہم قدم ہے اگر ٹیکنالوجی کو نئے سروے، مقامی مشاورت اور روایتی حقوق کے اعتراف کے ساتھ جوڑا جائے تو بلوچستان ایک ایسا نظام تشکیل دے سکتا ہے جو بیک وقت جدید بھی ہو اور جامع بھی ایسا نظام نہ صرف انتظامی بہتری لائے گا بلکہ ریاست اور شہری کے درمیان اعتماد کو بھی مضبوط کرے گا ایک ایسی میراث جو قانون اور تاریخ دونوں میں درج ہونے کے قابل ہے۔

Baakhabar Quetta

## بلوچستان میں زمین کی تحویل اور عوامی حقوق کی حیثیت

**تحریر: سید عارف آغا**

بلوچستان میں زمین ہمیشہ سے ایک اہم سماجی، معاشی اور قبائلی قدر رہی ہے۔ یہاں زمین صرف کھیتی باڑی یا رہائش کا ذریعہ نہیں بلکہ شناخت، وراثت اور مقامی روایات کا بنیادی حصہ ہے۔ ایسے حالات میں جب ریاست کسی عوامی منصوبے کے لیے زمین حاصل کرتی ہے تو اس عمل میں شفافیت، انصاف اور قانون کی مکمل پاسداری نہایت ضروری ہو جاتی ہے۔

زمین کے حصول سے متعلق قوانین کا مقصد یہی ہے کہ عوام کے حقوق محفوظ رہیں اور کسی قسم کا ظلم یا ناانصافی جنم نہ لے۔

اکثر اوقات صوبے میں بڑے منصوبوں کے لیے زمین لی جاتی ہے لیکن متاثرہ لوگوں کو بروقت آگاہ نہیں کیا جاتا یا انہیں ان کی ملکیت کے مناسب معاوضے سے محروم رکھا جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں اشتعال، تنازع اور عدم اعتماد پیدا ہوتا ہے۔ بلوچستان جیسے حساس خطے میں جہاں لوگ اپنی زمین کو اپنی عزت اور بقا کا حصہ سمجھتے ہیں، وہاں کسی بھی غیر منصفانہ اقدام سے حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ زمین کے حصول کے ہر مرحلے میں دیانت داری اور انصاف کا ہونا لازمی ہے۔

جب حکومتی ادارے باقاعدہ قانون کے مطابق زمین کی قیمت کا درست تعین کرتے ہیں، مالکان کو سنا جاتا ہے اور انہیں ان کے حق کا معاوضہ ملتا ہے تو مقامی لوگ خود بھی ترقیاتی منصوبوں کا حصہ بن جاتے ہیں۔ ایسے کئی مواقع سامنے آئے ہیں جہاں عوامی اعتماد قائم رہنے سے منصوبے مقررہ وقت پر مکمل ہو گئے اور کسی قسم کا تنازع پیدا نہیں ہوا۔ اس کے برعکس، جب لوگوں کو ان کے حقوق سے محروم رکھا جاتا ہے یا معاملہ زبردستی نمٹایا جاتا ہے تو نہ صرف منصوبے رک جاتے ہیں بلکہ عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے بھی بڑھ جاتے ہیں۔

بلوچستان کے معاشرتی حالات یہ تقاضا کرتے ہیں کہ ترقی کے نام پر کوئی ایسا اقدام نہ ہو جو مقامی بستیوں کی زندگی اور مستقبل کو نقصان پہنچائے۔ اگر سرکاری ادارے شفاف طریقے سے زمین کے حصول کو یقینی بنائیں، لوگوں کے حلقہ فکر کو عزت دیں اور قانون کے مطابق تمام مراحل پورے کریں تو اس سے نہ صرف امن و اعتماد قائم ہوگا بلکہ ترقی کا عمل بھی مضبوط بنیادوں پر آگے بڑھے گا۔

انصاف، شفافیت اور مقامی حقوق کا احترام ہی وہ راستہ ہے جو بلوچستان میں پائیدار ترقی اور خوشحالی کی حقیقی بنیاد رکھ سکتا ہے۔

CamScanner